© rasailojaraid.com



## تعارف وتبصرہ

# ۱۔ علم وہدایت کے چراغ
# ۲۔ نظامِ حق کے معمار

مصنف: مولانا عبدالرحمٰن پرواز اصلاحی

صفحات: بالترتیب ۱۴۲، ۱۵۰ سائز ۲۰×۳۰/۱۶

دارالکتاب پبلیکیشنز، بمبئی

قیمت بالترتیب آٹھ اور بارہ روپے

محترم مولانا عبدالرحمٰن صاحب پرواز اصلاحی کی یہ دو مختصر کتابیں خاص طور پر اصلاح و تربیت کے مقصد سے لکھی گئی ہیں اور دارالکتاب پبلیکیشنز نے انھیں صاف ستھری اور عمدہ کتابت وطباعت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ ان کی نوعیت واضح کرتے ہوئے اوّل الذکر کے 'مقدمہ' میں موصوف نے لکھا ہے:

یہ کتاب نہ کوئی باقاعدہ تصنیف ہے اور نہ علمی وادبی کتاب۔ بلکہ عربی، فارسی اور اردو کی مستند اور ضخیم کتابوں سے واقعات وقصص کا انتخاب ایک خاص سلیقے اور ترتیب سے کر لیا گیا ہے، اور اس کی حیثیت صرف 'مختارات' کی ہے۔ امید ہے اس سے اسلامی معاشرہ کی اصلاح اور اقامتِ دین کے کام میں مدد ملے گی اور ان لوگوں کے لیے خصوصیت سے یہ کتاب مفید ہوگی جو واقعات وقصص سے دلچسپی رکھتے ہیں۔ جو بڑی بڑی کتابیں نہیں پڑھ سکتے اور ذہنی ومالی لحاظ سے اتنی استعداد رکھتے ہیں کہ اصل مآخذ سے براہِ راست استفادہ کرسکیں۔ (صفحہ ۸، ۹)

پہلی کتاب میں چار ابواب کے تحت مختلف عنوانات کے ذریعہ تابعین عظام، ائمہ مجتہدین، تبع تابعین اور ائمہ محدثین کے حالات و واقعات انتہائی موثر اور پرکیف انداز میں بیان کیے گئے ہیں۔ دوسری کتاب 'نظامِ حق کے معمار' میں اسی انداز سے مختلف عنوانات کے تحت حضرات

© rasailojaraid.com